مصنف　:　محمود اشرف

ناشر　:　مصنف خود ناشر ہیں جون ۲۰۰۹ء۔ ۱۹۸/ii خیابان شہباز فیز vi، DHA کراچی

قیمت وصفحات　:　قیمت وصفحات ۱۵۰ روپے، ۸۵ص

کتاب اپنے نام سے واضح ہے موجودہ اسلامی بینکاری پر مختلف زاویوں سے سخت تنقید کی گئی ہے، کتاب ۱۳ ابواب پر مشتمل ہے۔

پہلے قرآن کریم سے سود کی تعریف متعین کی ہے، پھر سود کا حکم بیان کیا ہے۔ اسلامی بینکاری میں مرابحہ، مضاربہ، اجارہ اور بیع سلم کے اصولوں سے استفادہ کیا گیا ہے، مصنف کے نزدیک یہ اصولوں کے مطابق نہیں۔ بلکہ مکمل غیر اسلامی ہے۔ مصنف نے بینکاری کے لئے مذکورہ اقسام بیع پر سخت تنقید کی ہے، لیکن اسلامی بینکاری کس طرح ہو اس کی وضاحت نہیں فرمائی، مناسب ہوگا، صحیح طریقہ کار کی نشاندہی کریں تاکہ اہل علم کی علمی انداز میں رہنمائی ہو سکے۔

یہ کتاب دراصل مصنف کے مختلف مطبوعہ مضامین کا مجموعہ ہے جس کے سبب بعض مباحث کا تکرار بھی موجود ہے۔ اسلامی بینکاری سے وابستہ افراد کے ذمہ اس کا جواب فرض ہے جو انہیں ادا کرنا چاہئے۔

کتاب کا نام　:　جہاد اور دہشت گردی

مصنف　:　ڈاکٹر محمد امین

ناشر　:　انٹرنیشنل اسلامک ریسرچ کونسل لاہور جولائی ۲۰۰۸ء

قیمت وصفحات　:　درج نہیں　۱۳۰ صفحات

ڈاکٹر صاحب لاہور کی فعال علمی شخصیت ہیں اردو دائرہ معارف اسلامیہ جامعہ پنجاب میں ڈاکٹر صاحب سے ملاقت رہی ہے۔ یہ موضوع آج کے دور کا اہم ترین مسئلہ ہے، سوالنامہ کے ذریعہ اہل علم سے مذکورہ موضوع پر مقالات لکھوائے گئے، پھر ۲۰۰۵ء میں لاہور کے ایک